بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

14 روزہ

مسائل رمضان کورس

مدرس: مولانا مفتی عرفان اللہ درویش
ہنگو عفا اللہ عنہ

Mufti Irfan Ullah Darvesh Official
+92307 9819544
Miinaar Online Academy

سبق نمبر:5

حصہ دوم

وہ امور جن کی وجہ سے روزہ میں کوئی فرق نہیں آتا،

اور وہ امور جو روزہ میں مکروہ ہیں۔

روزہ کی حالت میں خود بخود قے (الٹی) آنے سے روزہ میں کوئی خرابی نہیں آتی، کم ہو یا زیادہ، منہ سے باہر آئے یا حلق سے نیچے اترے، البتہ قصداً لوٹانے سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔

ڈکار کی وجہ سے منہ میں جو پانی آتا ہے اور حلق سے نیچے چلا جاتا ہے، اس سے روزہ میں کوئی خرابی نہیں آتی۔

اگر کسی نے قصداً الٹیاں کی تو اگر منہ بھر کر ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اسی طرح اگر قصداً لوٹالی تو تب بھی روزہ فاسد ہو گا۔

ایک مجلس میں آنی والی متفرق الٹیاں جمع کی جائیں گی، اور مختلف مجالس کی نہیں۔

MIINAAR
Online Academey

وہ امور جن کی وجہ سے روزہ میں کوئی فرق نہیں آتا، اور وہ امور جو روزہ میں مکروہ ہیں۔

عورت کو دیکھنے، کسی بات کا خیال آنے یا اپنی بیوی کے مخصوص اعضاء کو دیکھنے سے اگر منی خارج ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا، البتہ اگر ہاتھ کا استعمال کیا تو ٹوٹ جائے گا۔

بیوی کا بوسہ لینے، بغل گیر ہونے، ہاتھ لگانے یا ایک بستر پر سونے سے اگر انزال کا خطرہ ہو تو یہ امور مکروہ ہے، ورنہ جائز ہے۔

مذکورہ صورتوں میں اگر انزال ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضا لازم ہے، کفارہ نہیں، اور اگر ہم بستر ہوا تو کفارہ بھی ہو گا۔

روزہ میں (kissing) اور مباشرت فاحشہ مکروہ ہے، پھر اگر انزال ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

MIINAAR Online Acadmey

وہ امور جن کی وجہ سے روزہ میں کوئی فرق نہیں آتا، اور وہ امور جو روزہ میں مکروہ ہیں۔

آنکھ میں سرمہ لگانے یا دوائی ڈالنے سے روزہ میں فرق نہیں آتا۔

ناک میں دوائی ڈالنے یا سپرے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

غسل کرتے وقت کان میں پانی چلا جائے تو اس سے روزے میں فرق نہیں آتا۔

کان میں پانی ڈالنے یا دوائی ڈالنے کے بارے میں جدید تحقیق یہ ہے کہ کان کا پردہ اگر سالم ہو تو روزہ نہیں ٹوٹتا، اگر پردے میں سوراخ ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

وہ امور جن کی وجہ سے روزہ میں کوئی فرق نہیں آتا، اور وہ امور جو روزہ میں مکروہ ہیں۔

مرد کے لیے آلہ تناسل کے سوراخ میں دواڈالنے سے روزہ میں فرق نہیں آتا۔ عورت کے احکام الگ ہیں۔

اگر سر میں گہرا زخم ہو اور اس میں دوا لگائی جائے تو اس سے روزہ میں فرق نہیں آتا۔

پیٹ میں اگر ایسازخم ہو کہ اس میں دوائی لگانے سے وہ معدے یا آنت تک پہنچے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، ورنہ نہیں۔

روزہ میں ڈیالیسس (گردوں کی صفائی مشین کے ذریعے کرنے) سے روزہ میں فرق نہیں آتا۔

وہ امور جن کی وجہ سے روزہ میں کوئی فرق نہیں آتا، اور وہ امور جو روزہ میں مکروہ ہیں۔

روزہ میں اگر خالص آکسیجن لیا جائے تو روزہ میں فرق نہیں آتا، اگر اس میں مصنوعی ذرات وغیرہ ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

بعض ہومیو پیتھک دوا کو سونگھ کر علاج کیا جاتا ہے، اگر دوا کے ذرات حلق سے نیچے نہ جاتے ہو تو روزہ میں کوئی خرابی نہیں آتی، اگر ذرات جاتے ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

انڈوسکوپی کرتے وقت اگر پائپ پر ویزلین یا کوئی دوائی لگائی جائے تو حلق سے اتارنے کے بعد روزہ ٹوٹ جائے گا، اگر بغیر دوائی لگائے کرائی جائے تو روزہ میں فرق نہیں آتا۔

روزہ میں بدن پر وکس لگانا جائز ہے۔

MIINAAR Online Academey

وہ امور جن کی وجہ سے روزہ میں کوئی فرق نہیں آتا، اور وہ امور جو روزہ میں مکروہ ہیں۔

ٹھنڈک کے لیے بار بار غسل کرنا، منہ کی صفائی وغیرہ کے لیے منہ میں پانی ڈال کر تھوکنا، کپڑے تر کرنا جائز ہے۔

کان کے میل کچیل کو صاف کرنے کے لیے کان میں کوئی چیز داخل کرنے سے روزہ میں فرق نہیں آتا۔

روزہ میں شوگر چیک کرنے یا کرانے سے روزہ میں فرق نہیں آتا۔

روزہ میں بھاپ لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

MIINAAR
Online Acadmey